اُردو (لازمی)	(نہم) گوجرانوالہ 2022ء	(انشائیہ طرز)
وقت: 2.10 گھنٹے	پہلا گروپ	کل نمبر 60

(حصہ اوّل)

-2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کسی تین اور حصہ غزل سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)

(i) زمیں پر جلوہ آرا ہے مظاہر اس کی قدرت کے
بچھائے ہیں اسی داتا نے دستر خوان نعمت کے

(ii) پانی تھا آگ، گرمی روز حساب تھی
ماہی جو سیخ موج تک آئی، کباب تھی

(iii) جلوۂ قدرت کا شاہد، حُسن فطرت کا گواہ
ماہ کا دل، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

(iv) من موہن جب پنکھ ہلائے کیا کیا سُر بکھرائے
سُننے والے سُنیں تو ان میں ایک ہی دُھن لہرائے

(حصہ غزل)

(i) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا
گنہ گار ہوں، اک خطا ہو گئی ہے

(ii) نازک تھے کہیں رنگ گُل و بُوئے سمن سے
جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

(iii) آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا
آج ہی خاطر بیمار شکیبا بھی نہیں

(حصہ دوم)

درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) صبح اخباروں میں یہ خبر پڑھ کر دل دھک سے رہ گیا کہ پروفیسر مرزا محمد سعید کا آج سوئم ہے۔ خاموش زندگی کی خاموش موت! مرزا صاحب کی علالت مزاج یا مرض الموت کی اطلاع اس سے پہلے کہیں سے نہیں ملی۔ حد یہ کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور ان کے سیکڑوں دوستوں اور قدردانوں کو اس سانحۂ ارتحال کی خبر تک نہ ہوئی۔ افسوس! اتنا بڑا صاحبِ کمال ہم میں سے اُٹھ جائے اور اُس کی سناوُنی ہم تک نہ پہنچے۔

(ب) یہ مسجد ترکی کی تمام مساجد سے ممتاز ہے۔ اس مسجد کا گنبد بہت ہی دل نواز ہے، اس گنبد کے اطراف میں چھوٹے چھوٹے پانچ اور گنبد ہیں، جو بالکل اس طرح محسوس ہوتے ہیں، جیسے تاروں کے درمیان چاند۔ اس مسجد کی کھڑکیوں پر بے انتہا نقش ونگار بنے ہوئے ہیں۔ یہ مسجد ترکوں کے فنِ تعمیر اور ان کی نفاست پسندی کا حسین مرقع ہے۔

-4 درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) نباتات وجمادات سے کیا مراد ہے؟
(ii) سلطان ٹیپو نے کن اقوام کا مقابلہ کیا؟
(iii) سیدانی بی بی نے کونسا پیشہ اختیار کیا؟ اس دور میں دوسری شادی کرنا کیسا سمجھا جاتا تھا؟
(iv) ہاجرہ مسرور کس شہر میں پیدا ہوئیں اور ان کے والد کا کیا نام تھا؟
(v) چغل خور نے تنخواہ کے طور پر کیا مانگا؟
(vi) استنبول کس ملک کا شہر ہے اور وہاں کونسے جلیل القدر صحابی مدفون ہیں؟
(vii) مجاز مرسل کی تعریف کیجیے اور اس کی کسی ایک صورت کی مثال دیجیے۔
(viii) مطلع کسے کہتے ہیں؟ ایک مثال بھی دیجیے۔

-5 درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے: 5

(i) ملمع۔ (ii) علی بخش۔

-6 درج عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے: 15

(i) صفائی کے فائدے۔ (ii) وقت کی پابندی۔
(iii) ایک دل چسپ سفر۔

-7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: 10

قائد اعظمؒ ہمیشہ سے ایمان دار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ ان کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی۔ وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے توڑ پھوڑ اور خلافِ قانون اقدامات کے سخت مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے، اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتا نہیں کرتے تھے اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا انہیں بے حد شوق اور سلیقہ

www.ilmkidunya.com